177446 - ہالووین (Halloween) تہوار کی مٹھائی اس تہوار کے وقت سے ہٹ کر خریدنا

سوال

سوال: کفار جن تاریخوں میں ہالووین تہوار مناتے ہیں ان دنوں سے کافی پہلے ہی میرے والدین نے اس مخصوص تہوار کی مٹھائی صرف اس لیے خرید لی کہ ہمیں اس کا ذائقہ بہت اچھا لگتا ہے، ویسے میرے والدین کو اس تہوار کی شرعی حیثیت کا اچھی طرح ادراک ہے کہ یہ تہوار منانا حرام ہے، اس بارے میں انہیں کسی ابہام کا سامنا نہیں ہے، تو کیا اس طرح خریدی گئی مٹھائی کھانا جائز ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مذکورہ مٹھائی کو تہوار کے دن سے ہٹ کر کسی اور دن میں خریدنا جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے؛ کیونکہ اس طرح مٹھائی خریدنے کی صورت میں نہ تو اس تہوار میں شرکت کا تصور ہے اور نہ ہی اس تہوار کیلئے کوئی معاونت ہے۔

مزید کیلئے آپ سوال نمبر: (90026) کا مطالعہ کریں۔

واللہ اعلم.